سُرخاب

# بصری اُردو

## حروفِ تہجی اور ذخیرہ الفاظ




ابتدائی


۳ سال کے لیے

SAMPLE

تاریخ :

آ





آلو



آم




آنکھ



آگ

آ



سرگرمی: اس تصویر پر دائرہ لگائیں جس کی شروع کی آواز "آ" ہے۔





SAMPLE



مقاصد: ① آ کے ذخیرہ الفاظ کی پہچان ② آ کی آواز اور نام کا تعارف ③ آ کی شکل کی پہچان اور مشق

تاریخ:

# ا

ا



امرود



انار



انڈا



اخروٹ

# ا

ا

سرگرمی: اس تصویر پر دائرہ لگائیں جس کی شروع کی آواز "ا" ہے۔






SAMPLE

مقاصد: ① ا کے ذخیرہ الفاظ کی پہچان ② ا کی آواز اور نام کا تعارف ③ ا کی شکل کی پہچان اور مشق

تاریخ:

ﺳ



سورج



سیڑھی



سیب



سائیکل

س

سرگرمی: اس تصویر پر دائرہ لگائیں جس کی شروع کی آواز ''ﺳ'' ہے۔







مقاصد: ① س کے ذخیرہ الفاظ کی پہچان ② س کی آواز اور نام کا تعارف ③ س کی چھوٹی اور بڑی شکل میں فرق بتانا

SAMPLE

## پڑھیے

ا ب پ ت ٹ ث

ج چ ح خ

د ڈ ذ ر ڑ ز ژ

س ش ص ض

ط ظ ع غ

ف ق ک گ

ل م ن و ہ ی ے


SAMPLE

## تعارف اور طریقہ تدریس

بصری اردو ابتدائی ۲ سے ۳ سال کے بچوں کو مدّ نظر رکھ کر تیار کی گئی ہے اس میں اردو کے حروفِ تہجی اور ان سے بننے والے ذخیرہ الفاظ کو بچوں کی نفسیاتی ضروریات کو مدّنظر رکھتے ہوئے نہایت دلکش انداز میں پیش کیا گیا ہے۔ اس کتاب کے لیئے تصاویر اور رنگوں کا انتخاب بچوں کی جذباتی ،نفسیاتی اور تدریسی ضروریات کو پیش نظر رکھ کر کیا گیا ہے۔ اس کتاب کے ذریعے سے بچوں کو ہجّے یاد کروانے کے بجائے تصاویر اور الفاظ بصری یادداشت (Sight Reading) کی مدد سے سکھائے جاتے ہیں۔

## بصری یادداشت کیا ہے؟

بصری بصر سے اخذ کیا گیا ہے جس کے معنی دیکھنا ہے۔ تحقیق سے ثابت ہوا ہے کہ چیزوں کو دیکھنے سے ان کا نقش انسانی ذہن میں ثبت ہو جاتا ہے۔ کسی خاص چیز کو بار بار دیکھنے سے اس کا نقش یادداشت میں مستقل مقام حاصل کر لیتا ہے اور ایک بار مذکورہ چیز نظر آتے ہی اسکی پہچان ہو جاتی ہے۔ اس مظہر کو بصری یادداشت (Sight Reading) کہتے ہیں۔ ابتدائی عمر میں بچوں کو ذخیرہ الفاظ سکھانے کے لیے بصری یادداشت (Sight Reading) ایک کلیدی کردار ادا کرتی ہے اس سے بچوں کی پڑھنے (Reading) کی صلاحیتوں میں حیران کن حد تک اضافہ ہو جاتا ہے۔



## طریقہ تدریس:

بصری اردو ابتدائی کا بنیادی مقصد حروف اور ان سے متعلقہ ذخیرہ الفاظ کا تعارف ہے۔ اس کتاب میں بچوں کو حروف کی شروع کی آواز کا تعارف، حروف کی چھوٹی اور بڑی اشکال کے ساتھ حروف کے نام کی پہچان کروائی گئی ہے۔

۱۔ کمرہ جماعت میں ہر حرف سے متعلقہ ذخیرہ الفاظ کی تصاویر کے پوسٹر لگائیں۔ کتاب کا صفحہ پڑھانے سے قبل اساتذہ کرام تصاویر کی مدد سے بچوں کو تصاویر کی شناخت کروائیں۔

۲۔ ذخیرہ الفاظ کے تعارف کیلئے سہ مرحلہ سبق کا طریقہ تدریس استعمال کیا جائے مثلاً اگر ب کے ذخیرہ الفاظ کو سہ مرحلہ سبق کے ذریعے پڑھانا ہے تو طریقہ کار کچھ یوں ہوگا۔

(i) تصویر پر ہاتھ رکھ کر بولیں: یہ ایک بندر ہے۔ بندر، بندر، بندر (صفحے پر موجود ہر لفظ کو اسی طرح پڑھائیں)

(ii) بچوں کو تصاویر پر متوجہ کر کے پوچھیں: ''بندر کہاں ہے؟'' (صحیح جواب آنے کے بعد صفحے پر موجود ہر تصویر پر یہ سوال پوچھیں)

(iii) اب آپ مختلف تصاویر پر انگلی رکھ کر بچوں سے سوال پوچھیں: ''یہ کیا ہے؟'' (صحیح جواب آنے کے بعد صفحے پر موجود ہر تصویر پر یہ سوال پوچھیں)

جب بچے درست جواب دیں تو ان کی حوصلہ افزائی کیلئے انہیں شاباش ضرور دیں۔ بچوں کو ذخیرہ الفاظ کے تعارف کے لیے فلیش کارڈ کی مدد لیجیے۔ اس سے بچوں کی بصری یادداشت (Sight Reading) کی صلاحیت موثر انداز میں کام کرتی ہے۔

۳۔ پھر ان تصاویر کی شروع کی آواز کا تعارف کروائیں جیسے بکری کی شروع کی آواز ''بِ'' ہے۔

بِ بکری　　　بِ بکری　　　بِ بکری

۴۔ بچوں سے پوچھیں کہ کیا آپ نے بِ دیکھا ہے۔ پھر بِ کی چھوٹی شکل کی طرف اشارہ کر کے بتائیں کہ یہ بِ ہے۔

۵۔ چھوٹی شکل کے کھو کھلے حرف پر پینسل پھروائیں۔

۶۔ ''ب'' کا نام بتائیں اور پھر بڑی شکل پر پینسل پھروائیں۔

۷۔ سرگرمی کروائیں، بچوں سے درست تصویر پر دائرہ لگوائیں۔

لکھائی کی مشق کے لیے 'قلمی اردو' اور الفاظ کے آوازوں سے تعلق کے لیے 'صوتی اردو' کی کتب اس کتاب کے ساتھ پڑھائیے۔

SAMPLE

سُرخاب

# بصری اُردو

بصری اردو کی کتب کا سلسہ دو سے چھ سال کے بچوں کو مدّنظر رکھ کر تیار کیا گیا ہے۔ اس میں اردو کے حروف تہجی، ان سے بننے والے ذخیرہ الفاظ اور تصاویر کو بچوں کی جذباتی، نفسیاتی اور تدریسی ضروریات کو پیش نظر رکھ کر نہایت دلکش انداز میں پیش کیا گیا ہے۔ اس کتاب کے ذریعے سے بچوں کو ہجّے یاد کروانے کے بجائے تصاویر اور الفاظ بصری یادداشت (Sight Reading) کی مدد سے سکھائے جاتے ہیں۔ کسی خاص چیز کو بار بار دیکھنے سے اس کا نقش یادداشت میں مستقل مقام حاصل کر لیتا ہے اور ایک بار مذکورہ چیز نظر آتے ہی اس کی پہچان ہو جاتی ہے۔ اس مظہر کو بصری یادداشت (Sight Reading) کہتے ہیں۔ بصری بصر سے اخذ کیا گیا ہے جس کے معنی دیکھنا ہے۔

اس سلسلے کی پہلی کتاب بصری اردو ابتدائی، دوسری بصری اردو بنیاد اوّل اور تیسری بصری اردو بنیاد دوم ہے۔ ان کتابوں کو ختم کرنے کے بعد بچے ۴۰۰ الفاظ سیکھ لیتے ہیں اور سادہ جملے پڑھنے اور سمجھنے کے قابل ہو جاتے ہیں۔ ان کتابوں کے ساتھ لکھائی کی مشق کے لیے 'قلمی اردو' اور الفاظ سازی کے لیے 'صوتی اردو' کی کتب پڑھائی جاتی ہیں۔

سُرخاب صوتی اُردو | سُرخاب قلمی اُردو | سُرخاب بصری اُردو

طفلی